معائنہ کار کا بیج #:

______________________

معائنہ کی تاریخ:

/ /

Department of
Housing Preservation
& Development
nyc.gov/hpd

HPD کی شکایت نمبر # ______________________

**اس معائنے پر جاری شدہ خلاف ورزیاں دیکھنے کے لیے، اس معائنہ سے چند دنون کے اندر HPDONLINE ملاحظہ کریں۔** تمام خلاف ورزیوں کی رپورٹ پراپرٹی مالک کو یا پراپرٹی مالک کے ایجنٹ کو دی جائے گی۔

* اپنی موبائل ڈیوائس سے QR کوڈ اسکین کر کے HPDONLINE ملاحظہ کریں۔

***آج کا معائنہ صرف آپ کے اپارٹمنٹ یا عمارت کو ضابطہ میں لانے کے عمل میں پہلا قدم تھا۔ HPD ہمارے ضابطہ کے نفاذ کی کوششوں کی اثر انگیزی بڑھانے کے واسطے کرایہ داروں کے پارٹنر بن جانے پر انحصار کرتا ہے۔ ہماری گزارش ہے کہ آپ اس پرچے میں درج معلومات کو بغور پڑھیں۔ رہائش کی دیکھ ریکھ کے مسائل پر مزید معلومات کے لیے nyc.gov/ hpd ملاحظہ کریں یا رہائش کی مبادیات (ABCs of Housing) کی کاپی کے لیے 311 پر کال کریں۔***

## ہنگامی مرمت کی خلاف ورزیاں

HPD ایک یا زائد خلاف ورزیوں کی وجہ سے بذریعہ فون آپ کے ساتھ فالو اپ کر سکتا ہے نیز ایک چیک مارک جاری کیا جا رہا ہے:

- ☐ حرارت نہیں ہے (64 ڈگری سے کم)
- ☐ گرم پانی نہیں ہے (110 ڈگری سے کم)
- ☐ سیسہ/ امکانی سیسہ جھڑنے والی پینٹ
- ☐ ونڈو گارڈ غائب یا خراب ہونا
- ☐ پانی نہیں ہے
- ☐ بجلی نہیں ہے
- ☐ پانی کے رساؤ کی کیس کیڈنگ
- ☐ پھپھوندی
- ☐ اپارٹمنٹ کا دروازہ از خود بند نہیں ہو رہا ہے
- ☐ دیگر:

HPD لازمی مرمتیں کرنے کے بارے میں پراپرٹی مالک سے رابطه کرے گا اور اس امرکی تصدیق کرنے کے لیے آپ سے رابطه کرنے کی کوشش کرے گا که آیا مرمتیں شروع یا مکمل ہو گئی ہیں۔ آپ کے لیے HPD کو جواب دینا ضروری ہے تاکه صورتحال کی مرمت کروانے کے لیے ہم اگلے اقدامات کا تعین کرسکیں۔

## اہم معلومات

- **محکمۂ عمارات (Department of Buildings) - nyc.gov/buildings**
  *ٹوٹے ہوئے یا غیر محفوظ یا ڈھانچہ جاتی مسائل کے لیے۔*
- **ایمرجنسی مینیجمنٹ (Emergency Management) - nyc.gov/oem**
  *اس بارے میں معلومات کے لیے کہ گھرانے کے لیے تباہی کی صورت میں منصوبے، ہنگامی سپلائی کٹ، اور "گو" (Go) بیگز کیسے بنائے جائیں۔*
- **میئر کا دفتر برائے معذور افراد ( Mayor's Office for People withDisabilities) - nyc.gov/mopd**
- **HPD کی سستی رہائش (Affordable Housing) - nyc.gov/hpd یا (212) 863-5610**
  *کھلی لاٹریوں کے بارے میں مزید پتہ کرنے کے لیے۔*
- **میئر کا دفتر برائے گھریلو اور صنف پر مبنی تشدد کا خاتمہ (Mayor's Office to End Domestic and Gender - Based Violence) nyc.gov/endgbv**
- **محکمہ برائے عمر رسیدگی (Department for the Aging) - nyc.gov/aging**

سٹی کی ایجنسیوں تک رسائی 311 ڈائل کر کے یا nyc.gov کو ملاحظہ کر کے حاصل کی جا سکتی ہے۔

- **NY اسٹیٹ ہومز اینڈ کمیونٹی رینیول ( NY State Homes andCommunity Renewal) hcr.nyc.gov یا (718) 739-6400**
  *کرایہ مستحکم یا کرایہ منضبط عمارتوں میں چارج کیے جانے والے کرایے سے متعلق مسائل کے لیے۔*
- **چائلڈ ابیوز ہاٹ لائن (Child Abuse Hotline) (800) 342-3720**

اس پرچے کی ایک کاپی کے لیے، ABCs of Housing - HPD (nyc.gov) پر جائیں

## شکایت دائر کرنے کے بعد کس چیز کی توقع کریں:

311 سے خود کو موصولہ سروس کی درخواست کا نمبر تلاش کر کے یا اپنے اپارٹمنٹ کی طرف سے شکایات پر نگاہ ڈال کر اپنی شکایت کی حالت HPDONLINE پر پتہ کریں۔ اگر معائنہ کار خلاف ورزی تحریر کرتا ہے تو، آپ HPDONLINE پر خلاف ورزی کی تفصیلات، بشمول یہ بھی دیکھ سکتے ہیں کہ اس کو کب ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے۔

## ہاؤسنگ کورٹ

اگر دیکھ ریکھ کی ناقص صورتحال برقرار رہتی ہے تو کرایہ داران خلاف ورزیاں جاری ہونے سے پہلے یا اس کے بعد ہاؤسنگ کورٹ (Housing Court) جا سکتے ہیں۔ عدالت مکان مالک کو ان حالات کو ٹھیک کرنے کا آرڈر کر سکتی ہے اور تعمیل کرنے میں ناکامی کے مدنظر ہرجانوں کی تشخیص کر سکتی ہے۔ دائر کرنے کی فیس $45 ہے، اور اگر آپ ادا نہیں کر سکتے ہیں تو یہ معاف ہو سکتی ہے۔ ہر بورو میں ایک ہاؤسنگ کورٹ موجود ہے۔

- Manhattan: 111 Centre Street - Room 225
- Bronx: 1118 Grand Concourse - Lobby
- Brooklyn: 141 Livingston Street - Room 202
- Queens: 89-17 Sutphin Boulevard - Second Floor
- Staten Island: 927 Castleton Avenue - Lobby

مزید جاننے کے لیے، (212) 962-4795 پر ہاؤسنگ کورٹ کے جوابات سے رابطہ کریں یا housingcourtanswers.org ملاحظہ کریں۔

آپ مفت قانونی اعانت کے اہل ہو سکتے ہیں۔ لیگل ایڈ سوسائٹی (Legal Aid Society) کو (212) 577-3300 پر یا نیو یارک کی لیگل سروسز (Legal Services of New York) کو (212) 431-7200 پر کال کریں۔

## بدعنوانی کی رپورٹ کریں

رہائش کے معائنہ کاران (Housing Inspectors) کسی بھی شخص سے ان کی باضابطہ کارروائیوں کو متاثر کرنے کے لیے کسی قسم کا فائدہ قبول نہیں کر سکتے۔ کوئی بھی فائدہ قبول یا پیش کرنا جرم ہے۔ رہائش کے معائنہ کاران اس قسم کی پیشکشوں کی رپورٹ سٹی کے محکمہ تفتیشات (Department of Investigation) کو کرتے ہیں۔

غیر مناسب سرگرمی کی رپورٹ کرنے کے لیے، (212) 369-2364 پر کال کریں یا nyc.gov/doi ملاحظہ کریں۔ خلاف ورزی کرنے والوں کا مواخذہ ہوگا۔

## فائر سیفٹی (Fire Safety)

### کنجی سے بند ہونے والی کھڑی کے دروازے اور سیلنڈر والے تالے

کھڑکی کے دروازوں پر لگے تالے جن کے لیے کنجیوں کی ضرورت ہوتی ہے اور دروازوں پر لگے تالے جنہیں اپارٹمنٹ کے اندر سے کھولنے کے لیے کنجی کی ضرورت ہوتی ہے خطرناک ہیں اور وہ فرار ہونے میں یا فائر ڈپارٹمنٹ کے لیے آتش زدگی کی صورت میں آپ تک پہنچنے میں مانع ہو سکتے ہیں۔ محفوظ رہنے کے لیے انہیں نکالیں۔

### دھواں اور کاربن مونو آکسائیڈ ڈٹیکٹرز

دھواں اور کاربن مونو آکسائیڈ ڈٹیکٹرز آتش زدگی یا کاربن مونو آکسائیڈ کی خطرناک گیس کی جاں آفریں انتباہات فراہم کرتے ہیں۔ آپ کے مکان مالک کو یہ ڈیوائس (یا ایک مشترک ڈیوائس) فراہم کرنی ہیں لیکن آپ کو یقینی بنانا چاہیے کہ ڈیٹیکٹرز موجود ہیں، ان میں مناسب بیٹریاں ہیں اور وہ کارگر ہیں۔

### از خود بند ہونے والے دروازے

تین یا اس سے زیادہ اپارٹمنٹس والی تمام رہائشی عمارتوں میں از خود بند ہونے والے اپارٹمنٹس اور عوامی حصے کے دروازے ہونا ضروری ہے۔ ان دروازوں کو کبھی مسدود نہ کیا جائے یا دروازوں کو از خود بند ہونے سے روکنے والی کوئی ڈیوائس اس میں شامل نہ ہو۔ دروازے آگ اور دھوئیں کو پوری عمارت میں پھیلنے سے روکنے میں مدد کر سکتے ہیں، جس سے زندگی کا زیاں، ضرر کم ہوتا ہے، اور پراپرٹی کو ہونے والا نقصان محدود ہوتا ہے۔

### لیتھیم آیون بیٹریاں

لیتھیم آیون بیٹریاں – جو اکثر بائیک اور اسکوٹر جیسی بجلی کی گاڑیوں میں استعمال ہوتی ہیں – خطرناک اور چارج کیے جانے پر زیادہ گرم ہو سکتی ہیں، جو ایسی آتش زدگی کا سبب بنتی ہیں جو جلدی سے پھیلتی ہے اور انہیں بجھانا مشکل ہوتا ہے۔ آپ کو انہیں کبھی بھی اندرون میں، خاص طور پر نکاسی راستوں کے قریب، یا توسیعی ڈوریوں کی مدد سے چارج نہیں کرنا چاہیے۔ صرف اصل چارجنگ ایکوپمنٹ یا مینوفیکچرر کی تجویز کردہ بدل بیٹریاں ہی استعمال کریں۔

### گیس کے رساؤ

اگر آپ کو گیس کی بو آتی ہے یا گیس کے رساؤ کا شبہ ہوتا ہے تو، فوراً عمارت سے باہر نکل جائیں اور 911 سے رابطہ کریں۔ فائر ڈپارٹمنٹ (Fire Department) آپ کی تشویشات پر جوابی اقدام کرے گا۔

اضافی معلومات کے لیے براہ کرم www.nyc.gov/hpd پر ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا اپنی موبائل ڈیوائس سے QR کوڈ اسکین کریں۔

ADDITIONAL INFORMATION

## اپنے بچوں کی نگہبانی کریں

### سیسہ پر مبنی پینٹ


سیسہ پر مبنی پینٹ آپ کے بچے کو زہر آلود کر سکتا ہے۔ سیسہ پر مبنی پینٹ کے خطرات سے متعلق ایک پرچہ اور آپ اپنی فیملی کا تحفظ کس طرح کر سکتے ہیں اس بارے میں معلومات آپ کو اس معائنہ کے دوران دی گئی تھیں۔ اسے بغور پڑھیں اور مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں۔

### ونڈو گارڈز

ونڈو گارڈز بچوں کو کھڑکیوں سے گرنے اور سنگین حد تک زخمی یا ہلاک ہونے سے روکتے ہیں۔ منظور شدہ ونڈو گارڈز تین یا زائد اپارٹمنٹ والی ان عمارتوں میں جہاں 10 سال یا اس سے چھوٹی عمر کے بچے رہتے ہیں یا اگر آپ ان کی درخواست کریں تو تمام اپارٹمنٹ اور عوامی گلیارے والی کھڑکیوں پر مطلوب ہیں۔

## حرارت اور گرم پانی

عمارت کے مالکان سے قانونی طور پر اپنے کرایہ داروں کو حرارت اور گرام پانی فراہم کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ گرم پانی لازماً سال کے 365 دن مستقل کم از کم 120 ڈگری فارنہائٹ درجہ حرارت پر فراہم کیا جائے۔ 1 اکتوبر اور 31 مئی کے درمیان حرارت لازماً فراہم کی جائئے، یعنی درج ذیل حالات کے تحت "گرم موسم"




## آپ کی صحت

### پھپھوندی، موش، لال بیگ اور چوہے

پھپھوندی، موش، لال بیگ اور چوہے الرجی زا ردعمل، چڑچڑاہٹ کا سبب بن سکتے ہیں، یا کچھ لوگوں میں دمے کو تحریک دے سکتے ہیں۔ اندرون میں الرجی پیدا کرنے والی چیزوں کے خطرات سے متعلق ایک پرچہ اور آپ اپنی فیملی کا تحفظ کس طرح کر سکتے ہیں اس بارے میں معلومات آپ کو اس معائنہ کے دوران دی گئی تھیں۔ اسے بغور پڑھیں اور مزید معلومات کے لیے 311 پر کال کریں۔ 2018 کا مقامی قانون 55 متعدد ڈویلنگ کے مالکان سے کرایہ دار کے اپارٹمنٹس کو پھپھوندی اور پالتو جانوروں سے پاک رکھنے کا تقاضا کرتا ہے۔

## ایذا رسانی اور تبدیلی مقام

### ٹیننٹ ہیلپ لائن (TENANT HELPLINE)

نیو یارک کے جن باشندوں کو مکان مالک کی ہراسانی کا سامنا ہوتا ہے، جو تبدیلی مقام کے خطرے میں ہیں یا جن کے گھروں میں ایسی مرمتیں درکار ہیں جن کو ان کا مکان مالک ہراسانی کی شکل کے بطور حل نہیں کرتا ہے وہ ٹیننٹ ہیلپ لائن سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ٹیننٹ ہیلپ لائن پبلک انگیجمنٹ یونٹ (Public Engagement Unit, PEU) کی ٹیننٹ سپورٹ یونٹ (Tenant Support Unit, TSU) کا مرکزیت یافتہ ہب ہے جو پانچوں بورو کے کرایہ داروں کو پروگراموں، قانونی اعانت، اور کمیونٹی کے وسائل سے جوڑتا ہے۔ آپ ٹیننٹ ہیلپ لائن سے آن لائن یا 311 پر کال کر کے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مکان مالکوں یا مالکان کی طرف سے کرایہ داروں کو ہراساں کرنے میں شامل ہو سکتے ہیں:

- لیز یا تجدید پیش نہیں کرنا یا بار پیسہ واپسی کی پیشکش کرنا
- بلا جواز بے دخلی کے نوٹس یا غیر قانونی تالہ بندی
- دھمکیاں اور خوف میں مبتلا کرنا، جیسے رات گئے فون کالز
- کرایہ منضبط اپارٹمنٹ کے لیے زیادہ چارج کرنا
- لازمی مرمتیں یا یوٹیلیٹز فراہم کرنے میں ناکام رہنا
- جان بوجھ کر تعیمر سے متعلق مسائل کا سبب بنا جیسے زائد اوقات میں کام کرنا یا حد سے زیادہ دھول یا ملبے کو ہٹانے میں ناکام رہنا
- ضروری خدمات جسے حرارت، پانی، اور بجلی میں بار خلل پڑنا

اگر آپ کرایہ منضبط یا کرایہ مستحکم اپارٹمنٹ میں رہتے ہیں تو، آپ نیو یارک اسیٹ ہومز اینڈ کمیونٹی رینیول کو (718) 739-6400 پر کال کر کے ہراسانی کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ نیو یارک اسٹیٹ کے اٹارنی جنرل (New York State Attorney General) کے پاس بھی معلومات اور شکایت سے متعلق لائن ہے: (800) 771-7755۔